باب نمبر 5

ڈیزائننگ ویب سائٹ

DESIGNING WEBSITE

(مشقی کثیر الانتخابی سوالات)

01۔ ایک لسٹ جو کہ اپنے اندر ایک اور لسٹ رکھتی ہے، کہلاتی ہے:
(a) Ordered List (b) Unordered List **(c) Nested List** (d) Definition List

02۔ HTML کوڈ ایک ــــــــ لینگوئج نہیں ہے۔
(a) پروگرامنگ (b) مارک اَپ (c) دونوں a اور b (d) کوئی بھی نہیں

03۔ ویب پیج کو ــــــــ کا استعمال کرتے ہوئے بنایا یا تبدیل کیا جاتا ہے۔
(a) Notepad++ (b) Note Pad (c) Text Edit **(d) یہ تمام**

04۔ ایک HTML عنصر عام طور پر ــــــــ ٹیگز پر مشتمل ہوتا ہے۔
(a) start (b) end **(c) start اور end** (d) کوئی بھی نہیں

05۔ اپنے اندر میٹا ڈیٹا رکھتا ہے:
(a) <body> **(b) <head>** (c) <title> (d) <html>

06۔ ایک HTML پیج کو محفوظ کرنے کے لیے ہم ــــــــ ایکسٹینشن استعمال کرتے ہیں۔
(a) htm (b) html (c) a اور b **(d) دونوں**

07۔ HTML ڈاکیومنٹ میں ــــــــ قسم کی ہیڈنگ ہو سکتی ہے۔
(a) 4 (b) 5 **(c) 6** (d) 1

08۔ ٹیگ مواد کو ٹیبل کی شکل میں دکھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے:
(a) td **(b) table** (c) tr (d) th

09۔ ایک ہائپر لنک کو ہم ــــــــ پر لگا سکتے ہیں۔
(a) تصویر (b) ٹیکسٹ **(c) دونوں a اور b** (d) کوئی بھی نہیں

10۔ باڈی ٹیگ ــــــــ کو ایک ویب پیج کی بیک گراؤنڈ پر تصویر لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
(a) bg **(b) background** (c) bgimge (d) دونوں a اور b

(اضافی کثیر الانتخابی سوالات)

01۔ دراصل ــــــــ ویب براؤزر کو بتاتی ہے کہ ویب پیج میں اجزاء اور عناصر کی ساخت کیا ہو گی؟
(a) HTML (b) ہائپر ٹیکسٹ (c) مارک اَپ لینگوئج (d) کوئی بھی نہیں

02۔ ایک سادہ سی کمپیوٹر کی لینگوئج ہے جو کہ ویب سائٹس بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے:
(a) مشین لینگوئج **(b) ہائپر ٹیکسٹ مارک اَپ لینگوئج**
(c) اسمبلی لینگوئج (d) نیچرل لینگوئج

03۔ ہائپر ٹیکسٹ کی اصطلاح دراصل ایک سپیشل ٹیکسٹ ـــــــ سے اخذ کی گئی ہے جو ویب بنانے میں استعمال کی جاتی ہے۔
(a) مارک اَپ لینگویج (b) HTML (c) ٹیکسٹ ایڈیٹر (d) ہائپر لنک

04۔ ویب پیج میں بہت سارے عناصر کو ـــــــ کے ذریعے ظاہر کیا یا لکھا جاتا ہے۔
(a) ٹیگز (b) علامتوں (c) تصویر (d) کوئی بھی نہیں

05۔ HTMLمخفف ہے:
(a) ہائپر ٹیکسٹ مارک اَپ لوکیٹر (b) ہائپر ٹیکسٹ مارک اَپ لینگویج
(c) ہائپر ٹیکسٹ موڈ لینگویج (d) کوئی بھی نہیں

06۔ HTMLکو سمجھنے کے درج ذیل ـــــــ عناصر کو سمجھنا ضروری ہے۔
(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

07۔ ورلڈ وائیڈ ویب پر سرفنگ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے:
(a) مارک اَپ لینگویج (b) HTML (c) ٹیکسٹ ایڈیٹر (d) ہائپر لنک

08۔ ایک ویب پیج بنانے کے لیے آپ کو ایک ـــــــ جو کہ ایک سافٹ ویئر ہے کی ضرورت پڑتی ہے۔
(a) مارک اَپ لینگویج (b) HTML (c) ٹیکسٹ ایڈیٹر (d) ہائپر لنک

09۔ HTMLمیں زیادہ تر ٹیگز ـــــــ ہوتے ہیں۔
(a) پیئرڈ (b) سنگولر (c) aاورb (d) کوئی بھی نہیں

10۔ HTMLڈاکیومنٹ ـــــــ طرح کے ٹیگز ہوتے ہیں
(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

11۔ سٹارٹ ٹیگ اور اینڈ ٹیگ پر مشتمل ہوتے ہیں جن کے درمیان ٹیکسٹ/مواد ہوتا ہے:
(a) پیئرڈ ٹیگز (b) سنگولر ٹیگز (c) aاورb (d) کوئی بھی نہیں

12۔ عام طور پر <tagname> کی طرح لکھا جاتا ہے:
(a) پیئرڈ ٹیگز کو (b) سنگولر ٹیگز کو (c) aاورb (d) کوئی بھی نہیں

13۔ کچھ ٹیگز کے کلوزنگ یا اینڈنگ ٹیگ نہیں ہوتے یہ ٹیگ ـــــــ کہلاتے ہیں۔
(a) پیئرڈ ٹیگز (b) سنگولر ٹیگز (c) aاورb (d) کوئی بھی نہیں

14۔ ٹیگز کی خصوصیات کو ان کے ـــــــ بھی کہا جاتا ہے۔
(a) پیئرڈ ٹیگز (b) سنگولر ٹیگز
(c) ایٹری بیوٹ/خصوصیات (d) کوئی بھی نہیں

15۔ ایک HTMLڈاکیومنٹ بنیادی طور پر ـــــــ سیکشن پر مشتمل ہوتا ہے۔
(a) دو (b) تین (c) چار (d) چھے

16۔ ٹیگ <head> کے ساتھ شروع ہوتا ہے اور </head> پر اختتام پذیر ہوتا ہے:
(a) ہیڈ سیکشن (b) باڈی سیکشن (c) ٹیل سیکشن (d) کوئی بھی نہیں

17۔ ٹیگ <body> سے شروع ہوتا ہے اور </body> پر اختتام پذیر ہوتا ہے:
(a) ہیڈ سیکشن (b) باڈی سیکشن (c) مین سیکشن (d) کوئی بھی نہیں

18۔ ایک ـــــــ ڈاکیومنٹ <html> ٹیگ سے شروع ہوتا ہے اور </html> ٹیگ پر ختم ہوتا ہے:

(a) مارک اَپ لینگوئج (b) HTML (c) ٹیکسٹ ایڈیٹر (d) ہائپر لنک

19۔ عام طور پر ویب پیج کے ٹائٹل، سٹائل اور ڈاکیومنٹ کے متعلق معلومات دیتا ہے:

(a) ہیڈ سیکشن (b) باڈی سیکشن (c) ٹائٹل بار (d) کوئی بھی نہیں

20۔ درحقیقت ایک ویب پیج کا اصل مواد ہوتا ہے جو کہ اِس پیج پر جانے والا صارف دیکھ سکتا ہے:

(a) ہیڈ سیکشن میں (b) باڈی سیکشن میں (c) ٹیل سیکشن میں (d) کوئی بھی نہیں

21۔ ٹیگ ۔۔۔۔۔۔ ایک پیراگراف شروع کرنے کے لیے لکھا جاتا ہے۔

(a) <i> (b) <b> (c) </p> (d) <p>

22۔ ٹیگز ۔۔۔۔۔۔ کے درمیان ایک پیراگراف کا اصل مواد ہوتا ہے۔

(a) <i> (b) <p>اور</p> (c) </p> (d) <p>

23۔ ایک سے زیادہ وقفوں یا سپیسز کو نظرانداز کر دیتا ہے:

(a) مارک اَپ لینگوئج (b) HTML (c) ٹیکسٹ ایڈیٹر (d) ہائپر لنک

24۔ کسی ٹیکسٹ کو خاص مطلب دینے کے لیے خاص قسم کے عناصر کا استعمال کرتا ہے:

(a) مارک اَپ لینگوئج (b) HTML (c) ٹیکسٹ ایڈیٹر (d) ہائپر لنک

25۔ ٹیگ ۔۔۔۔۔۔ ایک پیراگراف کے اختتام کو ظاہر کرتا ہے:

(a) <i> (b) <b> (c) <p> (d) </p>

26۔ ٹیگ ۔۔۔۔۔ کو ایک پیراگراف میں لائن بریک کرنے یا نئی لائن پر ٹیکسٹ پرنٹ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

(a) <i> (b)
 (c) </p> (d) <p>

27۔ HTML میں ۔۔۔۔۔۔ <h1> سے لے کر <h6> ٹیگز کی مدد سے لکھا جاتا ہے۔

(a) ہیڈنگ کو (b) سپیس کو (c) پیراگراف کو (d) لائن بریک کو

28۔ ٹیگ ۔۔۔۔۔۔ سب سے کم اہمیت کی حامل ہیڈنگ لکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

(a) <h6> (b) <h1> (c) <h2> (d) <h5>

29۔ ٹیگ ۔۔۔۔۔۔ سب سے اہم ہیڈنگ لکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

(a) <h6> (b) <h1> (c) <h2> (d) <h3>

30۔ یونائیڈ سٹیٹس کا انگلش لکھنے کا انداز ہے:

(a) "Color" (b) "Colour" (c) aاورb (d) کوئی بھی نہیں

31۔ ۔۔۔۔۔۔ جو کہ HTML کا جدید ترین ورژن ہے میں ٹیگ <font> کے استعمال سے حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔

(a) HTML5 (b) HTML (c) aاورb (d) کوئی بھی نہیں

32۔ ٹیگ ۔۔۔۔۔۔ متن کے لیے فونٹ سٹائل/فونٹ کلر منتخب کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

(a) <h6> (b) <h1> (c) <h2> (d) <font>

33۔ انگلش لکھنے کا برطانوی انداز ہے:

(a) "Color" (b) "Colour" (c) aاورb (d) کوئی بھی نہیں

34۔ HTML میں ٹیگز ۔۔۔۔۔۔ کا استعمال بھی کیا جاتا ہے جو کہ متن کو بولڈ/نمایاں کرنے، ترچھا کرنے یا متن کے نیچے لائن لگانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

(a) <b> (b) <i>
(c) <u> (d) <b>, <i>, <u>

35۔ ایک آئی کون یا ایک تصویر یا ٹیکسٹ ہو سکتا ہے جس پر اگر کلک کیا جائے تو یہ آپ کو کسی دوسرے ویب پیج پر لے جائے:

(a) ہائپر لنک (b) اینکر (c) ویب پیج (d) کوئی بھی نہیں

36۔ ویب پیج میں ٹیگ ۔۔۔۔۔۔ ہائپر لنک لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

(a) <dd> (b) (c) <dt> (d) <a>

37۔ اینکر آپ کو ایک ویب پیج کے کسی ایک حصے سے دوسرے حصے تک لے جاتا ہے۔ یہ بھی ٹیگ ۔۔۔۔۔۔ کا ہی ایک ایٹری بیوٹ ہے۔

(a) <dd> (b) (c) <dt> (d) <a>

38۔ آپ کو ایک ویب پیج کے کسی ایک حصے سے دوسرے حصے تک لے جاتا ہے:

(a) ہائپر لنک (b) اینکر (c) ویب پیج (d) کوئی بھی نہیں

39۔ ہم ایک تصویر کو بھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

(a) ہائپر لنک (b) اینکر (c) ویب پیج (d) کوئی بھی نہیں

☆☆☆☆☆

(مشقی مختصر جوابی سوالات)

5.3۔ مختصر جواب دیں۔

سوال 1: ترتیب وار اور بے ترتیب لسٹوں میں فرق بیان کریں۔

جواب: ایسی لسٹ جس میں آئٹمز کی ترتیب کا خاص خیال رکھا جاتا ہے ترتیب وار لسٹ کہلاتی ہے۔ ایسی لسٹ جس میں آئٹمز کی ترتیب کا خیال نہیں رکھا جاتا بے ترتیب لسٹ کہلاتی ہے۔

سوال 2: فارمیٹنگ ٹیگز کا بنیادی ٹیکسٹ بتائیں۔

جواب: فارمیٹنگ ٹیگز کا بنیادی ٹیکسٹ Font ہے کیونکہ فارمیٹنگ کے لیے ایٹری بیوٹس اسی کے اندر استعمال ہوتے ہیں۔

سوال 3: ہائپر لنک اور اینکر میں فرق بیان کریں۔

جواب: ہائپر لنک ایک ٹیکسٹ یا تصویر ہو سکتی ہے جس کے اوپر کلک کرنے سے ایک دوسرا ویب پیج کھلتا ہے یا اس ویب پیج کا کوئی دوسرا حصہ سامنے آجاتا ہے۔ اینکر آپ کو ایک ویب پیج کے کسی ایک حصے سے دوسرے حصے تک لے جاتا ہے۔ یہ بھی ٹیگ <a> کا ہی ایک ایٹری بیوٹ ہے۔

سوال 5: HTML پیج بنانے کے مراحل کی وضاحت کریں۔

جواب: HTML میں ویب پیج بنانے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات کو اختیار کیا جاتا ہے:

مرحلہ 1۔ ٹیکسٹ ایڈیٹر کو چلائیں۔

مرحلہ 2۔ HTML کا کوئی کوڈ لکھیں۔

مرحلہ 3۔ HTML پیج کو html. یا htm. کی ایکسٹینشن کے ساتھ محفوظ کریں۔

مرحلہ 4۔ اپنا ویب پیج دیکھنے کے لیے HTML فائل پر ڈبل کلک کریں۔ ویب براؤزر میں فائل خود بخود کھل جائے گی۔

(اضافی مختصر جوابی سوالات)

سوال 1: HTML سے کیا مراد ہے؟

جواب: HTML ہائپر ٹیکسٹ مارک اَپ لینگوئج کا مخفف ہے۔ یہ ایک سادہ کمپیوٹر لینگوئج ہے جو ویب پیجز بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

سوال 2: HTML عناصر کے نام لکھیں۔

جواب: HTML کے عناصر کے نام درج ذیل ہیں:

(i)ہائپر ٹیکسٹ (ii)مارک اَپ لینگوئج

سوال3: **ہائپر ٹیکسٹ اور مارک اَپ لینگوئج میں فرق بیان کریں۔**

جواب: ہائپر ٹیکسٹ کی اصطلاح دراصل ایک سپیشل ٹیکسٹ "ہائپر لنک" سے اخذ کی گئی ہے جو ویب بنانے میں استعمال کی جاتی ہے۔ اس لنک پر کلک کرنے سے ہم ایک صفحہ سے دوسرے صفحہ پر جا سکتے ہیں۔ ہائپر لنک ورلڈ وائیڈ ویب پر سرفنگ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

مارک اَپ لینگوئج: ویب پیج میں بہت سارے عناصر کو ٹیگز کے ذریعے ظاہر کیا یا لکھا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ ویب پیج پر ایک پیرا گراف لکھنا چاہتے ہیں تو آپ اس کو مندرجہ ذیل ٹیگز کی مدد سے لکھتے ہیں:

```
<P> I am a student </P>
<P> I am Pakistani </P>
<P> I live in Lahore </P>
```

سوال4: **HTML میں ویب پیج بنانے کے اقدامات لکھیں۔**

جواب: HTML میں ویب پیج بنانے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات کو اختیار کیا جاتا ہے:

مرحلہ 1۔ ٹیکسٹ ایڈیٹر کو چلائیں۔

مرحلہ 2۔ HTML کا کوئی کوڈ لکھیں۔

مرحلہ 3۔ HTML پیج کو html. یا htm. کی ایکسٹینشن کے ساتھ محفوظ کریں۔

مرحلہ 4۔ اپنا ویب پیج دیکھنے کے لیے HTML فائل پر ڈبل کلک کریں۔ ویب براؤزر میں فائل خود بخود کھل جائے گی۔

سوال5: **پیئرڈ ٹیگ اور سنگولر ٹیگ کے درمیان فرق کیا ہے؟**

جواب: **پیئرڈ ٹیگز:** HTML میں زیادہ تر ٹیگز پیئرڈ ہوتے ہیں۔ یہ ٹیگز سٹارٹ ٹیگ اور اینڈ ٹیگ پر مشتمل ہوتے ہیں۔ جن کے درمیان ٹیکسٹ/مواد ہوتا ہے۔ ایک پیئرڈ ٹیگ کی ساخت مندرجہ ذیل ہے:

```
<tag name> content </tagend>
```

مثال کے طور پر پیرا گراف لکھنے کے لیے ٹیگ <p> استعمال ہوتا ہے جو کہ ایک پیئرڈ ٹیگ ہے۔

```
<p> I study in 9th class </p>
```

سنگولر ٹیگز: کچھ ٹیگز کے کلوزنگ یا اینڈنگ نہیں ہوتے، یہ ٹیگ سنگولر ٹیگ کہلاتے ہیں۔ ان کو عام طور پر <tagname> کی طرح لکھا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ٹیگ
 جو لائن کو بریک کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور ٹیگ <hr> جو ایک اُفقی لائن لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے، سنگولر ٹیگز ہیں۔

سوال6: **HTML ڈاکیومنٹ میں ہیڈ سیکشن سے کیا مراد ہے؟**

جواب: یہ سیکشن عام طور پر ویب پیج کے ٹائٹل، سٹائل اور ڈاکیومنٹ کے متعلق معلومات دیتا ہے۔ یہ سیکشن ٹیگ <head> کے ساتھ شروع ہوتا ہے اور </head> پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔ کسی بھی ویب پیج کا ٹائٹل ظاہر کرنے کے لیے <head> ٹیگ کے اندر دوسرا ٹیگ <title> استعمال کیا جاتا ہے۔

سوال7: **باڈی سیکشن سے کیا مراد ہے؟**

جواب: باڈی سیکشن میں درحقیقت ایک ویب پیج کا اصل مواد ہوتا ہے جو کہ اس پیج پر جانے والا صارف دیکھ سکتا ہے۔ یہ ٹیگ <body> سے شروع ہوتا ہے اور </body> پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔

سوال8: **ٹیکسٹ فارمیٹنگ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: ٹیکسٹ فارمیٹنگ سے مراد ٹیکسٹ کو فارمیٹ کرنا ہے جس کا مطلب ہے پیرا گراف بنانا، فائل سٹائل تبدیل کرنا کلر اور ٹیکسٹ کا سائز تبدیل کرنا اور ہیڈنگ دینا وغیرہ۔

سوال9: **HTML پیج میں پیرا گراف کیسے لکھا جاتا ہے؟**

جواب: ٹیگ <p>ایک پیراگراف شروع کرنے کے لیے لکھا جاتا ہے اور ٹیگ </p>ایک پیراگراف کے اختتام کو ظاہر کرتا ہے۔ٹیگز <p>اور </p> کے درمیان پیراگراف کا اصل مواد ہوتا ہے۔

سوال10: HTMLپیج میں لائن کیسے بریک کی جاتی ہے؟

جواب: ٹیگ
 کو ایک پیراگراف میں لائن بریک کرنے یا نئی لائن پر ٹیکسٹ پرنٹ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر:

<p> This is <br> a paragraph </p>

سوال11: ویب پیج پر ہائپر لنک کیسے لگایا جاتا ہے؟

جواب: ویب پیج میں ٹیگ <a>ہائپر لنک لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔اس مقصد کے لیے ہم ایٹری بیوٹ "href"استعمال کرتے ہیں جو کہ کسی ویب پیج کے ایڈریس(URL)پر ہمیں لے جاتا ہے۔مثال کے طور پر:

" Visit www.google.com لکھا نظر آتا ہے جس پر اگر ہم کلک کریں تو ویب سائٹwww.google.com کھل جاتی ہے۔

سوال12: اینکر سے کیا مراد ہے؟

جواب: اینکر آپ کو ایک ویب پیج کے کسی ایک حصے سے دوسرے حصے تک لے جاتا ہے۔یہ بھی ٹیگ<a> کا ہی ایک ایٹری بیوٹ ہے۔

سوال13: ایک تصویر پر ہائپر لنک کیسے لگایا جاتا ہے؟

جواب: ہم ایک تصویر کو بھی ہائپر لنک کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔اس مقصد کے لیے ہمیں ٹیگ <a>اور کے اندر ہمیں ٹیگ <img>استعمال کرنا پڑتا ہے۔

سوال14: نیسٹڈ لسٹ کیا ہوتی ہے؟

جواب: کسی لسٹ میں ایک آئیٹم کی اپنی لسٹ بھی ہو سکتی ہے۔اس کو نیسٹڈ لسٹ کہتے ہیں۔

سوال15: ویب پیج پر اینکر لنک کیوں لگایا جاتا ہے؟

جواب: فرض کریں کہ ایک ویب سائیٹ پر بہت زیادہ مواد ہے اور پیج کے آخر پر پہنچ کر آپ دوبارہ اس پیج کے شروع میں جانا چاہتے ہیں تو اس مقصد کے لیے آپ اس ویب پیج کے آخر میں ایک بٹن لگا سکتے ہیں جو آپ کو اس پیج کے شروع میں لے جائے۔

سوال16: کال سپین اور رو سپین میں فرق بیان کریں۔

جواب: ایک سیل کو ایک سے زائد سیلز پر پھیلانے کے لیے ہم ٹیبل کا ایٹری بیوٹ colspanاستعمال کرتے ہیں۔

ایک قطار کو ایک سے زائد قطاروں تک پھیلانے کے لیے ہم ٹیبل کا ایٹری بیوٹ rowspanاستعمال کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

معززاساتذہ کرام، السلام علیکم ورحمۃ اللہ! گزارش ہے کہ سٹوڈنٹس کو مطالعہ سے پہلے درج ذیل دعاؤں کو باقاعدگی سے پڑھنے کی ترغیب دیں۔ جزاک اللہ۔

عزیز طلبا و طالبات، آپ سب بھی دعاؤں کا اہتمام ضرور کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کے اور اساتذہ کرام کے علم، زندگی اور ایمان میں برکت دے۔ آمین۔

ہمارے لیے بھی دعا کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے لیے دنیا و آخرت میں آسانیاں اور سکون نصیب فرمائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اللہ کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰۤی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْۤ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَھُوْا قَوْلِیْ ۝

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا۔ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا۔ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا طَیِّبًا وَّ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ۝

آخر میں درود شریف دوبارہ پڑھیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو جزا دے، آپ کے علم کے حصول میں آسانیاں عطا فرمائے۔